# ملازمت تلاش کرنے والے افراد اور رضاکاروں کے لئے بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کا تعارف

اگر آپ مملکت متحدہ میں رضاکارانہ خدمات انجام دینے یا ملازمت کے لئے اپلائی کر رہے ہوں تو آپ سے بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے لئے رضامندی دینے کی درخواست کی جائے گی۔ یہ جانچ پڑتالیں حوصلہ شکن ہو سکتی ہیں، خاص طور پر اگر آپ کی توانائی کم ہو، آپ زیادہ پراعتماد نہ محسوس کر رہے ہوں یا آپ کے پاس وقت کم ہو۔

پہلی دفعہ بیک گراؤنڈ چیک کروانا مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ یہ معلوماتی شیٹ آپ کو ان جانچ پڑتالوں سے وابستہ مشکلات کا سامنا کرنے کے حوالے سے معاون ثابت ہوگی، تاکہ آپ ان مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں جو آپ کے لئے اہم ہیں۔

## بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں سے کیا مراد ہے؟

بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتال سے مراد وہ مختلف طریقے ہیں جن کے ذریعے ملازمت یا رضاکارانہ سرگرمیوں کے لئے ملازمین بھرتی کرنے والے افراد آپ کو جاننے والوں سے آپ کے متعلق مزید معلومات حاصل کرتے ہیں۔ اس میں مندرجہ ذیل سرگرمیاں شامل ہو سکتی ہیں:

- آپ کی شناخت کی تصدیق
- آپ کی متعلقہ اسناد یا اہلیت کی جانچ
- آپ کو جاننے والے افراد سے آپ کے کردار یا آپ کے کام کے متعلق رائے مانگنا (اسے ریفرینس کہا جاتا ہے)
- جرائم سے وابستہ ریکارڈز کا جائزہ لینا
- آپ کے ڈاکٹر سے آپ کی صحت کے متعلق معلومات کی درخواست کرنا۔

مملکت متحدہ میں بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے طریقہ کار کو سمجھنا مشکل ثابت ہو سکتا ہے، خاص طور پر اس وجہ سے کہ ایک ہی ادارے میں رہتے ہوئے بھی ضروریات عہدے کے لحاظ سے مختلف ہو سکتی ہیں۔

**کاروباری ادارے اور تنظیمیں بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالیں کیوں کرتے ہیں؟**

- بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے ذریعے تنظیمیں ایسی معلومات حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہیں جو انہیں آپ کو ذمہ داری سونپنے کے حوالے سے پراعتماد محسوس کرنے میں معاون ثابت ہو سکیں۔ انہیں اس بات کی یقین دہانی کی ضرورت ہے کہ دستیاب وسائل، تربیت اور معاونت کے ساتھ آپ کے لئے اپنے اور دوسروں کے لئے محفوظ طریقے سے اپنی ذمہ داری نبھانا ممکن ہوگا۔
- بیک گراؤنڈ کی کچھ جانچ پڑتالیں اس وجہ سے کروائی جاتی ہیں کیونکہ قانون کے تحت تنظیم کو بچوں یا کمزور لوگوں کے ساتھ ممکنہ طور پر زیادتی کرنے والوں کی، یا سلامتی کے لئے ممکنہ خطرہ بننے والے افراد کی نشاندہی کے لئے اقدام کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- بعض بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالیں پیشہ ورانہ معیارات پر پورا اترنے کے لئے کروائی جاتی ہیں۔

## بیک گراؤنڈ چیکس کے حوالے سے مجھے کیا اختیارات حاصل ہیں؟

- جب بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالیں کروائی جاتی ہیں تو قانون کے تحت یہ ضروری ہے کہ تمام امیدواروں کے لئے یکساں بیک گراؤنڈ کی معلومات حاصل کی جائیں۔
- آپ سے ہمیشہ بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے لئے رضامندی کا اظہار کرنے کی درخواست کی جانی چاہیے۔ تاہم آپ کے انکار کی صورت میں ممکن ہے کہ آپ کو یہ عہدہ نہ دیا جائے۔

## کاروباروں اور تنظیموں پر کن قواعد کا اطلاق ہوتا ہے؟

- تنظیموں کو آپ سے کن معلومات کی درخواست کرنے کی اجازت ہے، کونسی معلومات حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے، اور وہ ان معلومات کے ساتھ کیا کر سکتے ہیں، اس کے متعلق سخت قوانین موجود ہیں۔ ملازمین کو بھرتی کرنے کے لئے منعقد ہونے والے بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے ذریعے حاصل کردہ معلومات کو ہوم آفس جیسے دیگر حکام کے ساتھ شیئر نہیں کیا جاتا۔
- آپ کے اپلائی کرنے سے قبل تنظیموں کو واضح کر دینا چاہیے کہ بیک گراؤنڈ کی کونسی چانچ پڑتالیں منعقد کی جائیں گی۔ انہیں ایک رابطے کا نام بھی فراہم کرنا چاہیے جس سے درخواست کنندگان بات کر سکیں اور اس پراسیس کے حوالے سے سوالات پوچھ سکیں۔
- بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالیں عام طور پر بھرتی کے پراسیس کے کامیاب ہونے اور آپ کی طرف سے عہدے کو قبول کرنے کے بعد شروع ہوتی ہیں۔
- تنظیموں کو بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے اخراجات اٹھانے چاہیے۔ اخراجات سے وابستہ کسی بھی مسئلے کی صورت میں کسی کی ورکر یا ملازمت کے مرکز کے مشیر سے معاونت حاصل کریں، جو ممکن ہے کہ آپ کی مدد کر سکیں۔

## آپ کی شناخت کی تصدیق

جب آپ کسی ملک میں نئے ہوں یا اگرآپ پناہ کے سسٹم کا حصہ ہوں تو آپ کے لئے اپنی شناخت ثابت کرنا مشکل ہو سکتا ہے۔ تاہم آپ ایسے اقدام کر سکتے ہیں جن کی بدولت آپ کے لئے اپنی شناخت زیادہ آسانی سے ثابت کرنا ممکن ہو سکتا ہے۔

- ڈسکلوژر اور بارنگ سہولیات کی منظورشدہ فہرست سے کچھ دستاویزات حاصل کرنے کی کوشش کریں۔
- جب بھی ممکن ہو، درخواست کریں کہ بلوں اور رسمی خطوط پر آپ کا پورا نام درج ہو اور آپ کے نام کے ہجے درست ہوں۔ جتنی جلدی ممکن ہو اپنے دستاویزات میں موجود غلطیوں کی اصلاح کروائیں۔
- اگر آپ پہلے سے ہی پناہ گزین کا اسٹیٹس رکھتے ہوں اور آپ کے پاس اس کے لئے رقم ہو یا اگر کوئی کی ورکر آپ کو رقم فراہم کر سکے تو ایک عارضی ڈرائیونگ لائسنس کی درخواست دیں۔

## اسناد یا صلاحیتیں

اگر آپ کے پاس صلاحیتوں سے وابستہ دستاویزات موجود ہوں تو معلوم کریں کہ آپ ان کی جانچ پڑتال اور تصدیق کس طرح کروا سکتے ہیں۔ معلوم کریں کہ مملکت متحدہ میں ان کی ہم پلہ صلاحیتوں اور تجربات کو کیا کہا جاتا ہے اور لوگ ان کے بارے میں کس طرح بات کرتے ہیں۔ اس سے دوسروں کے لئے آپ کی بات سمجھنا زیادہ آسان ہو سکتا ہے۔

اگر کوئی تنظیم آپ کی اسناد کی تصدیق کرنے سے قاصر ہو تو ممکن ہے کہ آپ نے جس ملک سے سند حاصل کی ہو، اس کی ایمبیسی آپ کی مدد کر سکے۔ آپ کا جس ملک سے تعلق ہے، ممکن ہے کہ وہاں موجود پیشہ ورانہ تنظیمیں بھی آپ کے پیشے میں گزارے گئے وقت کے دوران آپ کی کارکردگی کے متعلق آپ کی اسناد اور معلومات کی تصدیق کر سکیں۔

ممکن ہے کہ مملکت متحدہ میں موجود پیشہ ورانہ تنظیمیں بھی بھرتی کرنے والے افراد کو آپ کی اسناد کے حوالے سے پراعتمادی کا احساس دلا سکیں۔

## ریفرینسز

ہو سکتا ہے کہ آپ سے ایسے افراد کے نام اور رابطے کی تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست کی جائے جن کی آپ سے کوئی رشتہ داری نہ ہو، لیکن جو آپ کو کئی سالوں سے ذاتی یا پیشہ ورانہ طور پر جانتے ہوں۔ تنظیم ان افراد سے رابطہ کر کے آپ کی کسی عہدے کے لئے مناسبت کے متعلق رائے مانگے گی۔

ملک میں نئے آنے والے افراد کے لئے ریفرینس کی ضروریات پوری کرنا مشکل ثابت ہو سکتا ہے۔

- اگر آپ کسی کی ورکر کے بہت قریب رہ کر کام کر رہے ہیں یا اگر آپ کے بچے ہوں اور ان کے اسکول کا عملہ آپ کو جاننے لگا ہے تو ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کے کردار کے لئے ریفرینس فراہم کر سکیں۔

- اگر آپ ریفرینس فراہم کرنے سے قاصر ہوں تو بھرتی کرنے والے مینیجر سے بات کریں۔ ممکن کہ وہ کچھ عہدوں میں لچک کا مظاہرہ کر سکیں اور آپ کو اس عہدے میں ترمیم کے ساتھ یا زیرنگرانی کام کرنے کی اجازت دیں۔ ہو سکتا ہے کہ انہیں کسی ماہر سے مشورہ مانگنے کی ضرورت ہو۔
- اگر آپ کسی بھی ایسے شخص کو نہیں جانتے جو آپ کو ریفرینس فراہم کر سکے تو آپ کوئی ایسا عہدہ سنبھالنے کے بارے میں سوچ سکتے ہیں جس میں ریفرینس کی ضرورت نہ ہو۔ اس طرح ایسے لوگ آپ کو جان پائیں گے جو آپ کو مستقبل میں ریفرینس فراہم کر سکیں۔
- آپ جن لوگوں سے ملتے ہیں اور جو آپ کو مستقبل میں ریفرینس فراہم کر سکتے ہیں، ان کے نام اور رابطے کی تفصیلات محفوظ کرنا، اور آپ نے مملکت متحدہ میں جن اداروں میں رضاکارانہ خدمات انجام دی ہیں یا کام کیا ہے، ان کی تاریخوں اور عہدوں کے ریکارڈز رکھنا بھی فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔

## جرائم سے وابستہ ریکارڈز کی جانچ پڑتال

اگر آپ کسی ایسے عہدے کے لئے اپلائی کرتے ہیں جس میں آپ کا کمزور بالغ افراد یا بچوں کے ساتھ مخصوص قسم کا رابطہ ہو یا جہاں آپ کو حساس معلومات تک رسائی حاصل ہو، تو ہو سکتا ہے کہ مندرجہ ذیل اقدام کئے جائیں:

- آپ سے پوچھا جا سکتا ہے کہ کیا آپ کے جرائم کا کوئی ریکارڈ موجود ہے۔
- آپ سے پوچھا جا سکتا ہے کہ کیا آپ کے رویے کے باعث آپ کے کسی عہدے میں آپ کو کام کرنے سے روکا گیا تھا یا نظم و ضبط کی کارروائی کا اطلاق ہوا تھا
- آپ سے 'ڈسکلوژر اور بارنگ سہولت' کی جانچ پڑتال کی رضامندی کا اظہار کرنے کی درخواست کی جا سکتی ہے – اسے ' DBS کی جانچ پڑتال' یا جرائم سے وابستہ ریکارڈز کی جانچ پڑتال بھی کہا جاتا ہے۔

ڈسکلوژر اور بارنگ سہولت مملکت متحدہ کی سرکاری تنظیم ہے جو جرائم سے وابستہ ریکارڈز کے متعلق معلومات تک رسائی کر سکتی ہے اور بھرتی کرنے والے افراد کو لوگوں کے ریکارڈز کے متعلقہ حصے دکھا سکتی ہے۔ DBS کی جانچ پڑتلوں کی مختلف سطحیں موجود ہیں، جن کی بدولت صرف وہی معلومات شیئر کی جاتی ہیں جو آپ کے مطلوبہ عہدے کے لئے ضروری ہوں۔

آپ جرائم کا ریکارڈ رکھنے کے باوجود بھی کام کر سکتے ہیں یا رضاکارانہ خدمات انجام دے سکتے ہیں، لیکن ہو سکتا ہے کہ آپ کو مخصوص ذمہ داریاں اٹھانے کی اجازت نہ ملے۔ یہ بہت ضروری ہے کہ جب آپ سے پوچھا جائے تو آپ ان تمام ریکارڈز کا ذکر کریں جنہیں قانونی طور پر ظاہر کرنا ضروری ہو۔ آپ سے کیا پوچھا جا سکتا ہے اور آپ کو کیا شیئر کرنے کی ضرورت ہے، اس کے متعلق قوانین موجود ہیں۔ اگر آپ کو کسی چیز کے متعلق پورا یقین نہ ہو تو رہنمائی حاصل کریں۔

اگر آپ کو کسی غیرقانونی نقل و حمل کے باعث یا پناہ کے سفر کے دوران زندہ رہنے کے لئے ضروری اقدام کے باعث مجرم قرار دیا گیا ہو تو بھرتی کے پراسیس کے دوران اس کے متعلق بات کرنے کے بارے میں کسی وکیل، کاؤنسلر یا بھروسہ مند کیس ورکر کے ساتھ کام کریں۔

اس پراسیس کے دوران آپ سے ان دستاویزات کے ذریعے اپنی شناخت ثابت کرنے کو کہا جاتا ہے جنہیں ڈسکلوژر اور بارنگ سہولت بطور سرکاری شناختی دستاویزات تسلیم کرتی ہے۔

کئی لوگوں کو کاغذی کارروائیاں مکمل کرنے میں دشواری کا سامنا ہوگا اور اس میں ان کا کوئی قصور نہیں ہوگا۔ اگر آپ ضروری کاغذات فراہم کرنے سے قاصر ہوں تو آپ پولیس کے پاس اپنی انگلیوں کے نشانات رجسٹر کروا کر DBS کی جانچ پڑتال کروا سکتے ہیں۔

- ١٦ سال سے زائد عمر کا کوئی بھی شخص قطع نظر اپنے ہجرت کے اسٹیٹس اور اس ملک میں گزارے گئے عرصے کے، DBS کی جانچ پڑتال کروا سکتا ہے۔
- کسی بھی شخص کے بیک گراؤنڈ کے قطع نظر، عام طور پر درست طور پر درخواست جمع کروانے کی صورت میں جانچ پڑتال کی پراسیسنگ میں تقریبا دو ہفتے لگتے ہیں۔
- کسی ایسے عہدے میں رضاکارانہ خدمات انجام دینا جس میں مستقبل میں آپ کے مطلوبہ کسی بھی عہدے جتنی جانچ پڑتال کی ضرورت پیش آئے، آپ کو تجربہ فراہم کرنے اور ریفرینسز تیار کرنے کے حوالے سے معاون ثابت ہو سکتا ہے اور اس طرح اپلائی کرنے سے قبل آپ کے ہاتھ میں DBS کی جانچ پڑتال کے نتائج ہوں گے۔

- اگر آپ نے DBS کی جانچ پڑتال کے لئے اپلائی کیا ہے تو آپ اپنی DBS کی سند کو جدید رکھنے کے لئے DBS کی تجدید کی سہولت میں رجسٹر کر سکتے ہیں۔ اس طرح مستقبل میں آجر یا رضاکاروں کے مینیجر نئی جانچ پڑتال کی درخواست کئے بغیر آپ کی سند دیکھ سکتے ہیں۔ رضاکاروں کے لئے یہ تجدید بالکل مفت ہے۔
- ڈسکلوژر اور بارنگ سہولت کی طرف سے بیرون ملک درخواست کنندگان کے لئے یہ رہنمائی آپ کے لئے، اور کسی بھی ایسی تنظیم کے لئے جہاں آپ اپلائی کر رہے ہیں، معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے DBS کی جانچ پڑتالوں کے متعلق ہماری معلوماتی شیٹ سے رجوع کریں۔

## بین الاقوامی جانچ پڑتالیں

کچھ عہدوں کے لئے (جیسے کہ تعلیم یا نرسنگ کے شعبے میں) کسی تنظیم کے لئے یہ جاننا ضروری ہو سکتا ہے کہ جن ممالک میں آپ کی رہائش رہی ہو، کیا وہاں آپ نے کوئی جرائم کئے ہیں۔ مختلف ممالک کے لحاظ سے مختلف انتظامات موجود ہیں۔ مملکت متحدہ کی حکومت کی طرف سے مختلف ممالک کے لئے 'اچھے کردار کی سند' حاصل کرنے کے طریقے کے متعلق معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

اگر آجر بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتال کرنے سے قاصر ہو، تو ان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ ملازمت کی پیش کش کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے ریفرینسز کی شکل میں آپ کے متعلق زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کریں گے۔

اگرجانچ پڑتال کے نتیجے میں کسی دوسرے ملک کے حکام کو آپ کی لوکیشن معلوم ہوجانے کے باعث آپ کو خطرہ لاحق ہو تو آپ اس ادارے کے انسانی وسائل کے محکمے سے بات کر سکتے ہیں یا قانونی مشاورت حاصل کر سکتے ہیں۔

### مسائل کا حل

ایک طرف تو تنظیمیں محفوظ رہنا چاہتی ہیں، لیکن دوسری طرف انہیں مختلف پس منظروں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بھی ضرورت ہے۔ مسائل اور ان کے ممکنہ حلوں کی نشاندہی کی صورت میں مسائل کو اکثر حل کیا جا سکتا ہے۔

## وقت

معلوم کریں کہ کیا جانچ پڑتال میں زیادہ وقت لگنے کے باعث آپ کسی موقع سے ہاتھ دھو بیٹھیں گے۔ یہ بھی معلوم کریں کہ کیا جانچ پڑتال مکمل ہونے سے قبل عہدہ سنبھالنے یا تربیت شروع کرنے کی گنجائش موجود ہے۔

اگر آپ نے DBS کی جانچ پڑتال کی درخواست دی ہے لیکن آپ کے ہاتھ سے کوئی موقع نکل جائے، تو آپ کو اس صورت میں پھر بھی ایک سند موصول ہوگی، جس سے آپ کے لئے دوسرا موقع حاصل کرنا زیادہ آسان ہو جائے گا۔

## بھروسہ اور تعمیل

بیک گراؤنڈ کی کئی جانچ پڑتالوں میں آپ سے ایسی معلومات، دستاویزات یا روابط فراہم کرنے کی درخواست کی جاتی ہے جو آپ کے پاس ممکنہ طور پر نہ ہوں، یا آپ سے ایسے پراسیسز میں شرکت کرنے کی درخواست کی جاتی ہے جو ممکنہ طور پر آپ کو سمجھ نہ آئیں یا آپ کو ان کے حوالے سے ہچکچاہٹ محسوس ہو۔

- آپ کی رضامندی حاصل کرنے سے پہلے، آپ سے جو کرنے کو کہا جا رہا ہے، اس کے متعلق معلومات، اور جانچ پڑتال کے نتائج کے متعلق مزید معلومات کی درخواست کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔
- بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں میں جس چیز کی درخواست کی جا رہی ہے، اس کی سمجھ بوجھ کو یقینی بنائیں۔ ایسے کئی الفاظ ہیں جن کے تکنیکی معنوں اور روزمرہ کے معنوں میں بہت فرق ہے، اور اس فرق کو جاننے کی کوئی وجہ موجود نہیں ہوتی۔
- اگر کوئی ایسا موقع آپ کی نظر سے گزرے جس میں آپ کو دلچسپی ہو، لیکن بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کی تعمیل ناممکن معلوم ہو رہی ہو تو بھرتی کرنے والے مینیجر یا انسانی وسائل کے مینیجر سے بات کرنے یا موقع ملتے ہی ماہر مشاورت حاصل کرنے سے فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

ہو سکتا ہے کہ کئی ادارے پناہ گزین کے نظام میں موجود افراد کو درپیش بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں سے وابستہ مخصوص مشکلات نہ سمجھ پائیں اور انہیں ان مشکلات کو پار کرنے کے مختلف طریقوں کے متعلق علم نہ ہو۔ اکثر آگے بڑھنے کے متبادل طریقہ کار موجود ہو سکتے ہیں۔

## سرکاری ترجمہ

اگر جانچ پڑتال کے کسی بھی دستاویزات کا ترجمہ کروانا ضروری ہو تو اس ملک کی ایمبیسی آپ کو اس سلسلے میں معاونت فراہم کر سکتی ہے جہاں سے یہ معلومات آئی ہوں، بشرطیکہ ان سے یہ درخواست کرنا محفوظ ہو۔

## ٹیکنالوجی اور رسائی

بھرتی کرنے والے افراد کے لئے آپ کو جانچ پڑتال میں شرکت کے لئے آرام دہ جگہ اور ضروری آلات فراہم کرنا ممکن ہونا چاہیے، اور انہیں اس کے تمام اخراجات اٹھانے چاہیے۔ ہو سکتا ہے کہ ملازمت کے مراکز، لائبریریاں یا کمیونٹی کے مراکز آپ کو کمپیوٹر اور اچھے انٹرنیٹ کے کنیکشن تک رسائی فراہم کر سکیں، تاکہ آپ کے لئے ان جانچ پڑتالوں کو آسانی سے پراسیس کرنا ممکن ہو۔

## صدمہ اور خیروعافیت

ہو سکتا ہے کہ آپ کو ایسا محسوس ہو کہ بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتالوں کے دوران بہت ذاتی نوعیت کی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں، یا بہت تکلیف دہ یادیں اور جذبات جنم لے رہے ہوں، یا مطلوبہ کارروائیوں کی تعمیل کرنا مشکل ہو۔

ان چیزوں کے بارے میں سوچیں جن کی بدولت اس پورے عمل کے دوران آپ اچھا محسوس کرتے رہیں۔ مثال کے طور پر، کسی کو ساتھ لانے سے یا کسی مخصوص جگہ پر پراسیس کروانے سے آپ کو زیادہ اطمینان محسوس ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کو اپنی ہسٹری کے متعلق ذاتی معلومات یا اس پراسیس کے دوران کسی مشکل کے متعلق کچھ شیئر کرنے کی ضرورت محسوس ہو تو، آپ جو کہنا چاہتے ہیں یا اسے جس طرح کہنا چاہتے ہیں، اس کی پیشگی منصوبہ بندی فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے۔

اگر جانچ پڑتال میں وقت لگ رہا ہو یا آپ کو رہائش تبدیل کرنے کی ضرورت ہو تو ایسے عہدوں کا انتخب کرنے سے، جن میں باقاعدگی کے ساتھ اسامیاں سامنے آتی ہوں یا جہاں تبادلے کے مواقع موجود ہوں، ذہنی دباؤ میں کمی ممکن ہے اور وقت اور موقع کے ضیاع سے بچا جا سکتا ہے۔

اگر بیک گراؤنڈ کی جانچ پڑتال کی سہولت فراہم کرنے والوں کے ساتھ آپ کا تجربہ برا رہا ہو اور آپ کو فیڈبیک فراہم کرنا محفوظ محسوس ہو، تو ایسا کرنے سے مسئلہ حل ہو سکتا ہے اور آپ کو لوگوں اور پراسیس پر بھروسہ دوبارہ قائم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اسی طرح، اگر آپ کا تجربہ مثبت رہا ہو تو لوگوں کو ان کی اچھی کارکردگی کے متعلق مطلع کرنا بھی فائدہ مند ثابت ہو سکتا ہے۔

یہ معلوماتی شیٹ دسمبر ۲۰۲۲ میں Migration Yorkshire کی طرف سے لکھی گئی تھی۔ اگر آپ سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں، اور ہم آپ کی مدد کرنے کی ہر ممکنہ کوشش کریں گے:
admin@migrationyorkshire.org.uk یا0113 378 8188 ۔